ڈوری کے کھیل
مُصنف: اَروِند گُپتا
ترجمہ: محمد زُبیر

عملی تعلیم

ڈوری کے کھیل

مصنف: اروِند گُپتا

اُردو ترجمہ: محمد زبیر

تصاویر: اوِناش دیش پانڈے

پیش خدمت ہے **کتب خانہ** گروپ کی طرف سے ایک اور کتاب ۔
پیش نظر کتاب فیس بک گروپ کتب خانہ میں بھی اپلوڈ کر دی گئی ہے 👇
https://www.facebook.com/groups/1144796425720955/?ref=share
میر ظہیر عباس روستمانی
📱0307-2128068
 @Stranger

جِمی جولی

نے پہلی بار مجھے پہلی بار ڈوری کے کھیل میں اُلجھایا۔

یہ کتاب اُنہیں کی یاد میں لکھی گئی۔

پیش لفظ

ڈوری کے کئی استعمال ہیں۔ ہم ڈوری سے پارسل باندھتے ہیں، تھیلے اور جال بُنتے ہیں۔ ہمیں زندگی میں کسی نہ کسی انداز میں ڈوری کی ضرورت پڑتی رہتی ہے۔ دُنیا کے دیگر حصوں میں اس کا استعمال مختلف طریقوں سے ہوتا ہے۔ ڈوری بنانے کے لیے دُنیا کے مختلف حصوں میں مختلف قسم کی چیزوں کا استعمال کیا جاتا ہے۔ اسکیمو سیل مچھلی کی کھال سے بنی پتلی پٹیوں سے اپنی برف گاڑی (سلیج) اور اپنی کلہاڑی کا دستہ باندھتے ہیں۔ ہمارے اِس خطے کے لوگ کئی صدیوں سے پودوں کے ریشوں کو بٹ کر ڈوری یا رسی بناتے آئے ہیں۔ ہم بھی اِسی طرح کی ڈوری کا استعمال کرتے ہیں۔ ہندوستان میں چیزوں کو باندھنے کے لیے سُتلی کا بڑے پیمانے پر استعمال ہوتا ہے۔ آسٹریلیا کے دور دراز کے علاقوں کے لوگ عورتوں کے سر کے لمبے بالوں کی رسی بناتے ہیں جبکہ کئی لوگ کینگرو کی آنتوں کی رسی بناتے ہیں۔

سبھی لوگوں میں ایک عام عادت ہوتی ہے کہ ہاتھ میں جو چیز بھی ہو اُس سے کھیلتے رہتے ہیں۔ بس میں آپ آرام سے اِس نظارے کو دیکھا جا سکتا ہے جب لوگ اپنے ٹکٹ کو مختلف طریقوں سے موڑتے ہیں۔ اِسی طرح سُتلی یا ڈوری کو بھی مختلف طریقوں سے موڑ کر اُن میں گانٹھوں لگاتے ہیں۔ آپ آسانی سے اِس بات کو اپنے ذہن میں لا سکتے ہیں کہ کُچھ لوگ اپنے جال کی مرمت کر رہے ہیں۔ اُن میں سے ایک آدمی ڈوری کے چھلے سے کُچھ بنا کر کھیل رہا ہے اور اچانک اُس کا ہمسایہ حیرت زدہ ہو کر چلاتا ہے ''واہ! تم نے ڈوری سے کِتنا خوبصورت گھر بنایا ہے''۔ اِس بات سے متاثر ہو کر کُچھ لوگوں نے ڈوری سے اِسی طرح کا گھر بنانے کی کوشش بھی کی ہو۔ شاید اِسی طریقے سے دُنیا میں لگ بھگ 750 ڈوری کے کھیل ایجاد ہوئے ہوں گے۔

ہم حتمی طور پر تو نہیں کہہ سکتے لیکن دُنیا میں رائج سبھی ڈوری کے کھیلوں کی ایجاد شاید اِسی طرح ہوئی ہو گی۔ آپ دُنیا کے کسی بھی کونے میں جائیں خواہ مشرق ہو یا مغرب، شمال ہو یا جنوب سبھی جگہوں پر آپ کو ڈوری کے کھیل ملیں گے۔ اسکیمو لوگوں کو سردی کی لمبی سیاہ راتوں میں کافی وقت ملتا ہو گا، اکثر کئی مہینوں کا اور اِس وجہ سے وہ کھیلتے کھیلتے اِن کھیلوں میں ماہر ہو گئے ہوں گے۔ وہ آسانی سے ڈوری کے ساتھ آپ کو ہرن، ریچھ اور مختلف جانور، پرندے، کشتی وغیرہ بنا کر دِکھائیں گے۔ اِسی طرح نواہو اور اپاشے (امریکی دیہاتی لوگ) آپ کو تنبوؤں اور چھوٹے جانور جیسے بھڑیئے اور خرگوش کے نمونے بنا کر دِکھائیں گے۔ اِسی طرح مختلف نسل کے لوگوں نے ڈوری کے مختلف نمونے ایجاد کیئے اور سچ مچ یہ بات یقینی بھی لگتی ہے کہ بھلا اسکیمو ناریل کے درخت کا نمونہ کیسے بناتے یا آسٹریلیا کے دیہاتی لوگ قطب شمالی کے ریچھ کا نمونہ کیسے بناتے؟

ڈوری کے کھیل بہت مزیدار ہوتے ہیں۔ اُن میں یادداشت اور خود اعتمادی کی مشقت ہوتی ہے۔ اِس سے ہاتھ اور آنکھ کے درمیان تعلق بڑھتا ہے۔ ہو سکتا ہے کہ آپ کو ڈوری کے کسی نمونے کے طریقے بہت مشکل لگیں جبکہ آپ کو اِسے بنانا بہت ہی آسان ہو۔ اِس لیے اگر آپ کو پہلی بار کُچھ مشکل محسوس ہو تو گھبرائیں نہیں۔ آپ دوبارہ پہلے مرحلے سے شروع کریں۔ جلد ہی آپ کو ڈوری کے نمونے بنانے کا اچھا تجربہ ہو جائے گا۔

آپ ڈوری کے آسان نمونے سے شروعات کریں۔ اُن کی اچھی مشق کرنے کے بعد ہی مشکل نمونے کو بنائیں۔ یہی طریقہ سب سے اچھا ہو گا۔ شروع میں آپ کو سبھی مراحل کو یاد کرنا ہو گا۔ اِس کے بعد جلد ہی آپ کی اُنگلیاں اِن کو یاد کر لیں گی۔ اِس لیے ڈوری کے نمونوں کو خود سیکھنے کے بعد آپ اپنے دوستوں کو بھی سِکھائیں۔ اُنہیں بھی ڈوری کے کُچھ نئے کھیل ضرور آتے ہوں گے، جنہیں آپ اُن سے سیکھ سکتے ہیں۔ اگر آپ اِس طرح ڈوری کا استعمال کرتے رہیں، اِس سے کھیلتے رہیں تو کیا معلوم کہ آپ کسی دِن ڈوری کا کوئی نیا کھیل تلاش کر لیں۔ اِس لیے ہمیشہ ایک بات یاد رکھیں، ڈوری میں گانٹھ لگائیں اور اپنے پاس رکھیں۔

ڈوری کی شروعات

ماضی میں لوگوں نے ڈوری کے نمونوں اور کھیلوں کو تحریری صورت میں لانے کی کوشش کی۔اِس کے لیے اُنہوں نے ڈوری کے آخری نمونوں کے خاکے بھی بنائے۔کچھ لوگوں نے تو ڈوری کے آخری نمونوں کو گتے کے ٹکڑوں پر چپکانے کی کوشش بھی کی، لیکن اس میں ایک دقت تھی۔اُس میں نمونہ بنانے کا پورا عمل سمجھ میں نہیں آتا تھا۔اس کتاب میں اس کمی کو پورا کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔اس میں شروعات سے سیکھنے والوں کے لیے ذیل میں بنائے گئے خاکے میں ہاتھ کی اُنگلیوں کی ترتیب دِکھائی گئی ہے یعنی انگوٹھا،انگشتِ شہادت، درمیانی اُنگلی،انگوٹھی والی اُنگلی اور چھوٹی اُنگلی۔

دو چھلوں (لُوپ) کو نواہو کرنا

جب آپ کے انگوٹھے میں دو چھلے ہوں گے،ایک نیچے اور دوسرا اُوپر تب آپ 'نواہو' کے طریقے کے ذریعے انگوٹے کے نچلے چھلے کو باقی چھلوں کو بغیر ہلائے اُوپر لا سکتے ہیں۔ اس کے لیے آپ انگوٹھاہلا کر نچلے چھلے کو نکالیں اور پھر سے انگوٹھے کو سیدھا کریں۔

ڈوری کی لمبائی کتنی ہو؟دوکی لمبائی عام طور پر دو میٹر رکھیں جو کہ گرہ لگانے پر ایک میٹر ہو جائے گی۔یہ لمبائی ایسی خاص نہیں ہے آپ کہ اپنے ہاتھوں کے پھیلاؤ کے حساب سے اِسے کم یا زیادہ کر سکتے ہیں۔ویسے اس کا ایک اور آسان طریقہ یہ بھی ہے کہ آپ ڈوری کا ایک سِرا ہاتھ میں پکڑ کر سر سے اُوپر اُٹھائیں اور دوسرا سِرا زمین پر لگائیں۔یہ لمبائی کھیل کے لیے کافی ہو گی۔

ڈوری سے چھلا بنانا

1۔ڈوری کے سِروں کو گرہ لگانے کے لیے سب سے پہلے اُس کے دائیں سِرے کو بائیں سِرے کے اُوپر رکھیں۔

2۔پھر گرہ باندھنے کے لیے دائیں سِرے کو بائیں سِرے کے نیچے ڈالیں۔

3۔پھر بائیں سِرے کو دائیں سِرے کے اُوپر رکھیں۔

4۔اِس کے بعد دائیں کو نیچے ڈال کر گرہ لگائیں۔

5۔آخر میں ڈوری کے سِروں کو تراش کر چھوٹی گرہ بنائیں۔

ڈوری کے سِروں کو پگھلا کر جوڑنا

اگر ڈوری نائیلون کی بنی ہو تو اُس کے دونوں سِروں کو پگھلا کر جوڑا جاتا ہے۔اِس طرح بغیر گرہ کے ایک دم سیدھی ڈوری تیار ہو گی۔اس کے لیے آپ کو کسی بڑے اور سمجھ دار آدمی کی ضرورت ہو گی۔

1۔ڈوری کے دونوں سِروں کو موم بتی کی لو سے تقریباً ایک سینٹی میٹر اُوپر رکھیں۔جلد ہی اس کے سِرے پگھلنے لگیں گے۔

2۔جب ڈوری کے سِرے پگھلنے لگیں تو اُنہیں آپس میں جوڑ دیں۔پھر پانچ سیکنڈ تک جوڑ کو ٹھنڈا ہونے دیں اور اس کے بعد جوڑ کو اُنگلیوں سے مسل کر چکنا اور گول بنائیں۔

ترتیب

ڈوری کے زیادہ تر نمونے کسی خاص ترتیب سے شروع ہوتے ہیں۔اِس لیے اُن ترتیبوں کو جاننا بہت ضروری ہے۔

1۔ڈوری کے چھلے کو دائیں ہاتھ سے پکڑ کر اُسے بائیں ہاتھ کے انگوٹھے اور چھوٹی اُنگلی میں ڈالیں۔

2۔اس عمل کو دائیں ہاتھ کے ساتھ بھی دوہرائیں۔ہم اِسے شروعات کی حالت ایک کہیں گے۔

3۔پھر اپنے دائیں ہاتھ کی درمیانی اُنگلی سے بائیں ہتھیلی کی ڈوری کو اُٹھائیں اور اسے پیچھے کی طرف کھینچیں۔

4۔اب آپ کے دونوں ہاتھ اِس حالت میں ہوں گے۔

5۔اب اپنی بائیں درمیانی اُنگلی سے دائیں ہتھیلی کی ڈوری کو اُٹھائیں اور اُسے پیچھے کی طرف کھینچیں۔

6۔اِسے 'درمیانی اُنگلی کی ترتیب' یا 'شروعات' 1 کہیں گے۔

7۔درمیانی اُنگلی کی جگہ آپ شہادت کی اُنگلیوں کا استعمال کر کے " شہادت کی اُنگلیوں " کی ترتیب بنا سکتے ہیں۔

انگوٹھے کا پھندا

یہ ڈوری کا ایک آسان کھیل ہے۔اِس کا اختتام بھی بہت مزیدار ہے۔

1۔تصویر کے مطابق ڈوری کو دونوں ہاتھوں کے انگوٹھوں چھوٹی اُنگلیوں میں پھنسائیں۔چھلے کو درمیان میں سے چکر گھمائیں،جس سے اُس میں 'ضرب' کا نشان بن جائے۔

2۔اب بائیں ہتھیلی کی ڈوری کو دائیں ہاتھ کی شہادت کی اُنگلی سے اُٹھائیں۔اِسی طرح دائیں ہتھیلی کی ڈوری کو بائیں ہاتھ کی شہادت کی اُنگلی سے اُٹھائیں۔

3۔تصویر کے مطابق انگوٹھے کو شہادت کی اُنگلیوں کے چھلے میں ڈالیں۔

4۔پھر ڈوری کو اپنے انگوٹھوں کے نیچے دبا کر رکھیں اور شہادت اور چھوٹی اُنگلیوں کے چھلوں کو چھوڑ دیں۔

5۔اُس کے بعد دونوں ہاتھوں کو اندر کی طرف موڑیں۔

6۔پھر اپنے ہاتھوں کو جتنا ممکن ہو دُور لے جائیں۔

7۔اپنے دونوں انگوٹھوں کو ڈوری کے پھندے میں پھنسا دیکھ کر آپ حیران رہ جائیں گے۔

بچ کے نکلنا

قینچی میں ایک ڈوری پھنسی ہے۔اپنے دوست سے ڈوری کو (بغیر کاٹے) قینچی میں سے نکالنے کا کہیں۔

1۔ڈوری کے ایک سِرے کو قینچی کے ایک سوراخ میں ڈالیں۔ پھر اِس چھلے میں سے ڈوری کے دوسرے سِرے کو پرو کر باہر نکالیں۔

2۔ پھر ڈوری کے دوسرے سِرے کو قینچی کے دوسرے سوراخ میں سے باہر نکالیں۔

3۔اب ڈوری کے سِرے کو پکڑیں اور قینچی اپنے دوست کو تھما دیں۔اب دوست سے کہیں کہ وہ ڈوری کو بغیر کاٹے قینچی میں سے باہر نکالے۔

4۔اس عمل کو پورا کرنے کا ایک آسان طریقہ ہے۔پہلے خاکہ نمبر 1 میں بنائی گئی گرہ کو تھوڑا ڈھیلا کریں اور پھر اس کے چھلے کو کھینچیں۔

5۔ پھر اُسے قینچی کے دوسرے سوراخ میں ڈالیں۔

6۔اِس چھلے کو کھینچ کر قینچی کے اُوپر سے نکالیں۔اِس بات کو مدّ نظر رکھیں کہ چھلے نہ مُڑیں۔

7۔اب جب آپ ڈوری کے دوسرے سِرے کو کھینچیں گے تو ڈوری آرام سے قینچی سے چھوٹ کر باہر آ جائے گی۔

جادو کی ایک ترکیب

اِس کھیل کا اختتام ایک دم جادوئی طریقے سے ہوتا ہے

1۔ڈوری کا ایک بڑا چھلا بنائیں اور اُسے اپنے دونوں ہاتھوں سے پکڑیں۔ پھر دائیں ہاتھ کی ڈوری کو اُوپر رکھ کر اِس بڑے چھلے میں ایک چھوٹا چھلا بنائیں۔

2۔ چھلوں کے اُوپر والے سِروں کو اپنے دونوں انگوٹھوں سے پکڑیں۔ اپنی دائیں شہادت کی اُنگلی کو نیچے سے چھوٹے چھلے میں ڈالیں۔

3۔اب بڑے چھلے کو بائیں ہاتھ سے پکڑیں اور تصویر کے مطابق دائیں شہادت کی اُنگلی کو دائیں ڈوری کے نیچے سے بڑے چھلے میں ڈالیں۔

4۔ پھر اپنی ناک کی ڈوری کو دائیں شہادت کی اُنگلی سے چھوئیں۔

5۔اب اپنے دانتوں سے پکڑی ڈوریوں کو چھوڑیں۔بڑے چھلے کو بائیں ہاتھ سے منہ سے دور لے جائیں۔آپ دیکھیں گے کہ ڈوری آپ کی دائیں اُنگلی پر سے جادو کی طرح غائب ہو جائے گی۔

ہتھکڑی

ڈوری کا یہ ایک بہت مزیدار کھیل ہے۔اِسے دوست کے ساتھ کھیلنے میں آپ کو بہت مزا آئے گا۔اِس کے لیے آپ کو ڈوری کے دو ٹکڑے اور ایک دوست کی ضرورت ہو گی۔

1۔ایک لمبی ڈوری کے دونوں سِروں کو اپنے دوست کی دونوں کلائیوں سے باندھیں۔

2۔پھر اپنے دوست سے دوسری ڈوری دونوں کلائیوں پر باندھنے کا کہیں۔

3۔اس طرح آپ اپنے دوست کے ساتھ ڈوری سے بندھ جائیں گے۔اب آپ دونوں آگے کیسے جائیں گے؟

4۔جس ڈوری سے دوست بندھا ہے،اُسے آپ پکڑیں۔اُس کے چھلے کو اپنی بائیں کلائی میں سے ڈالیں۔اس بات کا دھیان رکھیں کہ چھلا مُڑنے نہ پائے۔

5۔اب چھلے کو اپنے بائیں ہاتھ کی ساری مُڑی اُنگلیوں کے اُوپر چڑھائیں۔

6۔پھر بائیں ہاتھ کو سیدھا کریں جس سے ڈوری کا چھلا تھوڑا پیچھے سِرک جائے۔

7۔اگر آپ دو قدم پیچھے ہٹیں گے تو آپ خود کو اپنے دوست سے الگ ہوا پائیں گے۔

انگوٹھی کے اندر ڈوری

انگوٹھی کے اندر ایک ڈوری ہے۔آپ ڈوری میں سے انگوٹھی کو باہر کیسے نکالیں گے؟اگر آپ کو اس کا حل پتانہ ہو تو آپ کے لیے یہ پہیلی بہت مشکل ثابت ہو سکتی ہے۔

1۔ڈوری کے ایک سِرے کو انگوٹھی کے اندر ڈالیں۔پھر ڈوری کو کھینچیں جس سے انگوٹھی ڈوری کے بیچ میں آ جائے۔

2۔پھر تصویر کے مطابق ڈوری کو دونوں ہاتھوں کے انگوٹھوں اور چھوٹی اُنگلیوں میں پھسائیں۔اس بات کا دھیان رکھیں کہ چھلے میں کوئی موڑ یا اُلجھاؤ نہ ہو۔

3۔اس کے بعد بائیں ہتھیلی کی ڈوری کو دائیں درمیانی اُنگلی سے اُٹھائیں اور دائیں ہتھیلی کی ڈوری کو بائیں درمیانی اُنگلی سے اُٹھائیں۔پھر دونوں چھوٹی اُنگلیوں بائیں درمیانی اور دائیں انگوٹھے کی ڈوری کو چھوڑ دیں۔

4۔اس بات کو دھیان میں رکھیں کہ دائیں درمیان اور بائیں انگوٹھے کے چھلے نہ گریں۔اب آپ جیسے ہی دونوں ہاتھوں کو ایک دوسرے سے دور لے جائیں گے، ویسے ہی انگوٹھی ڈوری سے نکل جائے گی۔

ہاتھ کا پھندا

پہلے آپ اپنے دوست کو یہ کرتب دکھائیں۔ پھر اُس کو ایسا کرنے کا کہیں۔ اگر اُس نے اس عمل کو دھیان سے نہیں دیکھا ہو گا تو اُسے ایسا کرنے میں بہت مشکل پیش آئے گی۔

1۔آپ دوست کے سامنے پہلے تو ڈوری کے چھلے بائیں ہاتھ سے اُلٹائیں۔ دائیں ہاتھ کو نچلی طرف جھکا کر ڈوری کے چھلے میں ڈالیں۔ ہتھیلی کو گھمائیں (جیسے کڑاھی میں ملائی پونچھتے ہیں) اور گول چکر لگا کر اُوپر لے آئیں۔

2۔پھر ڈوری کے چھلوں میں دائیں ہاتھ کو پیچھے سے ڈالیں۔

3۔اب اپنے ہاتھوں کو ایک دوسرے سے دور لے جائیں۔

4۔آپ اپنے ہاتھوں کو ڈوری سے آزاد پائیں گے۔

5۔اب آپ اپنے دوست کو ڈوری دیں اور اُس سے اِس کرتب کو دوہرانے کا کہیں۔ امکان ہے کہ دوست ہاتھ کو گھمانے کی سمت میں غلطی کرے گا اور وہ اُسے اُلٹی سمت میں گھمائے گا۔

6۔اگر وہ یہ غلطی کرے گا تو اُس کا ہاتھ ڈوری کے پھندے میں پھنس جائے گا۔

ہاتھ کی صفائی

ڈوری کے اِس کھیل کو دکھانے کے لیے آپ کو ایک دوست کی ضرورت ہو گی۔

1۔ڈوری کے ایک چھلے کو دونوں ہاتھوں میں پکڑیں۔دائیں ہاتھ کی ڈوری کو اُوپر رکھ کر چھلا بنائیں۔اِس ڈوری کے چھلے کو اپنے دوست کی کلائی میں ڈالیں۔

2۔اُس کے بعد 'شروعات' کی حالت بنائیں۔

3۔پھر درمیانی اُنگلی والی حالت میں لائیں۔ کسی بھی ڈوری کو بغیر چھوڑے درمانی اُنگلی والی حالت کو دوست کی مٹھی میں ڈالیں۔

4۔آخر میں آپ کا بنایا نمونہ دیکھنے میں کچھ ایسا نظر آئے گا۔اب دونوں انگوٹھوں اور چھوٹی اُنگلیوں کی ڈوری کو چھوڑ دیں۔

5۔اب اگر آپ اپنے دونوں ہاتھوں کو ایک دوسرے سے دور کریں گے تو دوست کا ہاتھ حیرت انگیز طریقے سے ڈوری کے پھندے سے باہر آ جائے گا۔

جھپکتی آنکھ

ڈوری کا یہ کھیل' جزیرہ ہوائی' میں بہت مقبول ہے۔ تھوڑا سا تصور کرنے سے آپ کو اس کھیل میں ڈوری سے بنی ایک آنکھ کھلتی اور بند ہوتی نظر آئے گی۔

1۔ڈوری کے چھلے کو صرف بائیں ہاتھ کی اُنگلیوں پر رکھیں،انگوٹھے پر نہیں۔

2۔پھر بائیں درمیانی ،انگوٹھی والی اور چھوٹی اُنگلیوں سے ہاتھ پر لٹکتی ڈوری کو پکڑیں۔اب صرف بائیں انگُشتِ شہادت ہی کھلی رہ جائے گی۔

3۔دائیں انگوٹھے اور شہادت کی اُنگلی سے ڈوری کے لٹکتے چھلے کو دوبارہ بائیں شہادت کی اُنگلی پر لپیٹیں اور پھر اُسے اُوپر لا کر انگوٹھے سے لٹکنے دیں۔

4۔دائیں انگوٹھے اور انگُشتِ شہادت سے بائیں شہادت کی اُنگلی کے چھلے کو کھینچ کر بائیں انگوٹھے پر لائیں۔ایسا کرتے وقت چھلے کو مُڑنے نہ دیں۔

5۔اب لٹکتے چھلے کی بائیں ڈوری پکڑیں اور اُسے شہادت اور انگوٹھے کی ڈوری کے اُوپر اُٹھائیں۔اِس ڈوری کو انگوٹھے اور شہادت کی اُنگلی کے بیچ میں لٹکنے دیں۔

6۔اب لٹکتے چھلے کی دوسری ڈور کو اُٹھائیں اور اُسے انگوٹھے سے لٹکنے دیں۔

7۔اِس حالت میں لٹکتے چھلے کو کھینچ کر آنکھ کو کھولا اور بند کیا جا سکتا ہے۔ایسا کرتے وقت جب انگوٹھا اور شہادت کی اُنگلی دونوں پاس پاس آتے ہیں تب آنکھ بند ہوتی ہے۔آنکھ کھولنے کے لیے انگوٹھے اور شہادت کی اُنگلی کو ایک دوسرے سے دور لے جانا ہو گا اور ساتھ ساتھ لٹکتی ڈوری میں ڈھیل بھی دینی ہو گی۔

پلیٹ اور کپ

یہ ڈوری کا ایک آسان نمونہ ہے۔

جاپان میں اِسے شراب کا پیالہ ''یا ساقی کپ'' بھی کہا جاتا ہے۔ نمونہ اُلٹا کرنے پر وہ گھر جیسا بن جاتا ہے۔

1۔اس کے لیے شہادت کی اُنگلی والی ''حالت'' سے شروع کریں۔اگر آپ چاہیں تو اس نمونے کو بنانے کے لیے ڈوری کے چھلے کو دوہرا (ڈبل) بھی کر سکتے ہیں۔

2۔دونوں انگوٹھوں سے شہادت کی اُنگلی کی دُور والی ڈوروں کو نیچے سے اُٹھائیں اور اپنی طرف لائیں۔جب انگوٹھے اپنی پہلی حالت میں واپس آئیں گے تو ہر ایک انگوٹھے میں ڈوری کے دو چھلے ہوں گے۔

3۔جب بائیں انگوٹھے کے نچلے چھلے کو دائیں انگوٹھے اور شہادت کی اُنگلی سے اُٹھائیں اور چھوڑ دیں۔اس طرح دائیں انگوٹھے کے نچلے چھلے کو بھی چھوڑ دیں۔

4۔اس کے بعد چھوٹی اُنگلیوں کے چھلوں کو بھی چھوڑ دیں۔

5۔اب اگر آپ اپنے دونوں ہاتھوں کو ایک دوسرے سے دُور لے کے جائیں گے اور ساتھ ہی انگوٹھوں کو اُوپر کریں گے تو آپ کو ڈوریوں کے درمیان ایک کپ اور پلیٹ کا نمونہ نظر آئے گا۔

اُلّو کی آنکھ

اُلّو کی آنکھ بنانے کے لیے آپ کو پہلے کپ پلیٹ (پچھلا نمونہ) بنانا ہی ہوگا۔اُلّو کی آنکھیں بنانے کے بعد آپ اُنہیں چشمے کی طرح اپنی آنکھوں پر رکھ سکتے ہیں۔

1۔پہلے کپ پلیٹ بنائیں۔پھر انگوٹھے کو شہادت والی اُنگلیوں میں ڈالیں۔اس طرح ہر انگوٹھے پر دو چھلے ہوں گے۔

2۔دائیں انگوٹھے اور شہادت والی انگلی سے بائیں انگوٹھے کے نچلے چھلے کو اُٹھائیں اور اُسے چھوڑیں۔اسی طرح دائیں انگوٹھے کے نچلے چھلے کو بھی چھوڑ دیں۔

3۔تصویر کے مطابق شہادت کی اُنگلیوں کو انگوٹھوں کے چھلوں میں ڈالیں۔

4۔اب اپنے ہاتھوں کو گھما کر ہتھیلیوں کو خود سے دُور کریں۔آپ شہادت کی اُنگلیوں کے چھلوں کی پرواہ نہ کریں۔وہ خود ہی شہادت کی اُنگلیوں سے چھوٹ جائیں گے۔

5۔آپ شہادت کی اُنگلیوں کو سیدھا کریں اور اُنہیں ایک دوسرے سے دُور لے جائیں۔ایسا کرنے سے ڈوری میں چشمے جیسی اُلّو کی آنکھیں دِکھیں گی۔

آری

ڈوری کا یہ نمونہ دُنیا کے کئی حصوں میں پایا جاتا ہے۔اِس آری کو چلانے کے لیے آپ کو ایک دوست کی مدد پڑے گی۔

1۔دونوں ہاتھوں کی انگشتِ شہادت، درمیانی اور انگوٹھی والی اُنگلیوں میں ڈوری کے چھلے کو پھنسائیں۔

2۔دائیں ہاتھ کی شہادت کی اُنگلی اور انگوٹھے سے پاس کی ڈوری کو پکڑیں اور اُسے بائیں ہاتھ کی اُنگلیوں پر لپیٹیں۔

3۔اب دائیں درمیانی اُنگلی سے دائیں ہتھیلی کی ڈوری کو اُٹھائیں۔اِسی طرح دائیں درمیانی اُنگلی سے بائیں ہتھیلی کی ڈوری کو اُٹھائیں۔

4۔اب آپ کو کسی دوست کی مدد لینا ہو گی۔دوست سے اُن دونوں لمبی ڈوریوں کو پکڑنے کا کہیں۔جو نمونے کے نچلے حصے میں ایک ہاتھ سے دوسرے ہاتھ تک جاتی ہے۔

5۔اب سبھی ڈوروں کو کس کر پکڑیں جس سے کہ اُن کے چھلے گرنے نہ پائیں۔پھر صرف درمیانی اُنگلیوں کے چھلوں کو رکھیں اور باقی اُنگلیوں کے چھلوں کو آہستہ آہستہ گرادیں۔دوست کو ڈوری کو پکڑے رہنے کا کہیں۔اس کے بعد دوست اور آپ باری باری سے ڈوری کو کھینچیں۔اب ڈوری کسی آری کی طرح کام کرے گی۔

مچھر یا مکڑی

اگر آپ کو خاص طور پر مچھر یا مکڑی سے نفرت نہ ہو تو یہ نمونہ آپ کو ضرور پسند آئے گا۔ یہاں آپ ان کیڑے مکوڑوں کو بنا سکتے ہیں اور پھر اُنہیں اپنے ہاتھ سے مسل بھی سکتے ہیں۔

1۔ڈوری کو اپنے دونوں ہاتھوں کی چھوٹی اُنگلیوں میں ڈالیں۔ پھر چھوٹی اُنگلیوں کے چھلوں کو اپنے انگوٹھوں سے اُٹھائیں۔

2۔دائیں ہتھیلی کی دونوں ڈوریوں کو دائیں شہادت کی اُنگلی سے اُٹھائیں۔

3۔ پھر بائیں انگوٹھے سے دائیں ہتھیلی کی دونوں ڈوریوں کو اُٹھائیں۔

4۔اب بائیں انگوٹھے کے نچلے چھلے کو گرادیں۔

5۔دائیں انگوٹھے کے چھلوں کو گرائیں۔ڈوری کو کھینچیں اور ڈوریوں کو منہ سے دُور رکھیں۔

6۔اب ڈوری کو بغیر کھینچے دائیں شہادت کی اُنگلی اور بائیں انگوٹھے کے چھلے کو گرائیں۔

7۔اس حالت میں آپ مچھر کو اُس کے پروں کے ساتھ دیکھ سکتے ہیں۔

8۔اب مزیدار بات ہو گی۔دونوں ہتھیلیوں سے مچھر کو مارنے کے لیے تالی بجائیں۔

9۔اس کے بعد دونوں ہتھیلیوں کو جلدی سے جتنا ممکن ہو اُتنا دُور لے جائیں۔آپ پائیں گے کہ مچھر اب غائب ہو چکا ہے۔

ڈوری کے ذریعے کہانی

یہ کہانی پوری دُنیا میں سُنائی جاتی ہے۔ ہندوستان میں اس کہانی کی تفصیل کچھ اِس طرح ہے۔ ایک کسان پہلے اپنے کھیت میں ہل چلاتا ہے اور پھر بیج بوتا ہے۔ اُس کے بعد کھیت کو پانی دیتا ہے۔ آخر میں وہ کھاد ڈالتا ہے۔ اب فصل پک کر تیار ہو جاتی ہے۔ تب ایک موٹا سا چوہا آتا ہے اور ساری فصل کھا جاتا ہے۔

1۔ ڈوری کے چھلے کو اپنے بائیں ہاتھ کے انگوٹھے سے لٹکنے دیں۔ (کسان کھیت چُنتا ہے۔)

2۔ دائیں شہادت کی اُنگلی کو بائیں ہتھیلی کی ڈوری کے نیچے ڈالیں اور اُسے ہُک کر کے بائیں انگوٹھے اور شہادت کی اُنگلی کے بیچ کی ڈوری کو کھینچیں۔

3۔ چھلے کو بائیں طرف آدھا چکر گھمائیں۔ (اگر چکر اُلٹی طرف ہوگا تو کھیل خراب ہو جائے گا۔)

4۔ اِس چھوٹے چھلے کو بائیں شہادت کی اُنگلی میں ڈالیں۔ (کسان کھیت میں ہل چلاتا ہے۔)

5۔ اب لٹکتی ہوئی ڈوروں کو اپنے دائیں ہاتھ سے پکڑیں اور اُنہیں چھوٹا کر کے کھینچیں۔

6۔ دائیں شہادت کی اُنگلی کے ہُک سے بائیں شہادت اور درمیانی اُنگلی کے درمیان والی ڈوری کو کھینچیں۔

7۔ اُسے بائیں ہتھیلی کی ڈوری کے نیچے سے کھینچیں۔ پھر اِس چھلے کو بائیں طرف آدھا چکر گھمائیں۔۔۔۔۔۔

8۔اور پھر اُس چھلے کو بائیں درمیانی اُنگلی میں ڈال دیں۔ سبھی ڈوروں کو کسیں۔(کسان بیج بوتا ہے۔)

9۔دوبارہ دائیں درمیانی اُنگلی کے ہُک سے بائیں درمیانی اور انگوٹھی والی اُنگلی کے درمیان کی ڈوری کو کھینچیں۔

10۔اس چھلے کو دائیں طرف آدھا گھمائیں اور پھر اُسے بائیں انگوٹھی والی اُنگلی میں ڈال دیں۔(کسان کھیت کو پانی دیتا ہے۔)

11۔آخر میں دائیں شہادت کی اُنگلی کے ہُک سے پھر سے بائیں ہتھیلی کی ڈوری کے نیچے ڈالیں اور اُسے انگوٹھی والی اُنگلی اور چھوٹی اُنگلی کے درمیان والے چھلے کو باہر کھینچ لیں۔

12۔اس چھلے کو بھی آدھا چکر دائیں طرف گھمائیں اور پھر اُسے بائیں چھوٹی اُنگلی میں ڈال دیں۔

13۔نتیجہ تصویر کے مطابق ہو گا۔(فصل اب پک کر تیار ہے۔)اب بائیں انگوٹھے کے چھلے کو چھوڑیں۔(ایک موٹا چوہا آتا ہے اور بائیں انگوٹھے کا چھلا ہی وہ چوہا ہے۔)

4۔اب بائیں ہاتھ کی سامنے والی ڈوری کو کھینچیں۔آپ دیکھیں گے کہ سبھی اُنگلیوں کے چھلے ایک کے بعد ایک کر کے کھل جائیں گے۔(موٹا چوہا ساری فصل کو کھا جاتا ہے۔) یہیں پر کہانی ختم ہو جاتی ہے۔

درخت پر چڑھتا آدمی

یہ ڈوری کا ایک بہت ہی تیز رفتار نمونہ ہے۔اس کے بارے میں امکان ہے کہ اس کھیل کا آغاز آسٹریلیا سے ہوا۔

1۔اِس کی شروعات شہادت کی اُنگلی والی ترتیب سے کریں۔

2۔ چھوٹی اُنگلیوں کے سب سے پاس کی ڈوری کو اُٹھائیں اور کھینچیں۔

3۔ نمونہ اب لگ بھگ ایسا دکھائی دے گا۔اب تصویر میں دکھائی ڈوری کو چھوڑ دیں۔

4۔اس تصویر میں ڈور کو چھوڑنے کا عمل دکھایا گیا ہے۔

5۔اب دونوں شہادت کی اُنگلیوں کو موڑیں اور اُن سے گزرنے والی ڈوریوں کو کس کر پکڑیں۔

6۔اب اپنے دونوں ہاتھوں کو گھما کر خود سے دور لے جائیں۔سب سے نچلی ڈوری کو کسی بھاری کتاب سے فرش پر دبا دیں۔

7۔اب صرف شہادت کی اُنگلیوں والی ڈوریوں کو ہی کس کر پکڑیں۔ باقی سبھی ڈوریوں کو چھوڑ دیں۔

8۔اگر آپ اب باری باری سے شہادت والی اُنگلی کی ڈور کو اُوپر نیچے کھینچیں تو آپ کو ایک آدمی درخت پر چڑھتا ہوا دکھائی دے گا۔

ایک مربع شکل

آپ بڑی آسانی سے ایک مربع شکل بنا سکتے ہیں۔ بعد میں آپ دو، تین اور چار مربعے بھی بنا سکتے ہیں۔

1۔ ڈوری اپنے دونوں انگوٹھوں میں ڈالیں۔ پھر دونوں چھوٹی اُنگلیوں سے پاس کی ڈوری کو اُٹھائیں۔

2۔ بائیں ہتھیلی والی ڈوری کو دائیں درمیانی اُنگلی سے اُٹھائیں اور دائیں ہتھیلی کی ڈوری کو بائیں درمیانی اُنگلی سے اُٹھائیں۔

3۔ پھر دونوں چھوٹی اُنگلیوں کے چھلوں کو چھوڑ دیں۔

4۔ اپنی چھوٹی اُنگلیوں کو اور انگوٹھوں کی دور والی ڈوری کو اُٹھائیں۔

5۔ پھر تصویر کے مطابق انگوٹھوں کو موڑیں اور درمیانی اُنگلیوں کی ڈوری کو اُٹھائیں۔اس عمل کو کرنے کے لیے آپ دوسرے ہاتھ کی شہادت کی اُنگلی اور انگوٹھے کا استعمال کر سکتے ہیں۔

6۔اب انگوٹھوں کی نچلی ڈوری کو اُوپر والی سے سرکا کر چھوڑ دیں۔ تھوڑی سی مشق کے بعد آپ اس کام کو آسانی سے کر سکتے ہیں۔

7۔اِس کے بعد دونوں درمیانی اُنگلیوں کو موڑیں اور اُنہیں دو چھوٹی تکونوں میں ڈالیں۔

8۔اب دونوں چھوٹی اُنگلیوں اور دونوں درمیانی اُنگلیوں کی باہری ڈوروں کو چھوڑیں۔انگوٹھوں اور درمیانی اُنگلیوں والی ڈوروں کو پکڑے رکھیں۔

9۔دھیان سے دونوں ہاتھوں کو دُور لے جائیں۔جیسے ہی آپ اپنے بائیں ہاتھ کو گھما کر دُور لے جائیں گے ویسے ہی آپ کو ڈوری میں مربعے کا خوبصورت نمونہ نظر آئے گا۔

دو مربع اشکال

ایک مربع شکل بنانے میں مہارت حاصل کرنے کے بعد آپ دو مربع اشکال بھی آسانی سے بنا سکتے ہیں۔

1۔ درمیانی اُنگلی کی ترتیب سے شروع کریں۔ دونوں انگوٹھوں کی ڈوری کو چھوڑ دیں۔

2۔ اپنے انگوٹھوں کو موڑ کر سب سے دُور والی ڈوری کو اُٹھائیں۔

3۔ اپنے انگوٹھوں کو موڑیں اور درمیانی اُنگلی کے پاس والی ڈوری کو اُٹھائیں۔

4۔ انگوٹھوں کے نچلے چھلے کو اپنے دانتوں کی مدد سے اُوپری چھلے پر رکھ کر چھوڑ دیں۔

5۔ اب تصویر کے مطابق درمیانی اُنگلیوں کو موڑیں اور اُنہیں دو چھوٹی تکونوں میں ڈالیں۔

6۔ چھوٹی اُنگلیوں اور درمیانی اُنگلیوں کی باہری ڈوروں کو چھوڑیں۔ انگوٹھوں اور درمیانی اُنگلیوں کی اندر والی ڈوری کو پکڑے رکھیں۔

7۔ اپنی ہتھیلیوں کو منہ سے دُور لے جائیں اور اُنہیں تھوڑا گھمائیں۔ آپ کو ڈوری میں دو مربع اشکال دکھائی دیں گی۔

تین مربع اشکال

تین مربع اشکال کا نمونہ دیکھنے میں بہت ہی خوبصورت ہوتا ہے۔

1۔ پہلے ڈوری کو بائیں ہاتھ کے انگوٹھے اور شہادت کی اُنگلی سے لٹکائیں۔

2۔ دائیں ہاتھ کی شہادت کی اُنگلی اور انگوٹھے سے بائیں ہاتھ کے انگوٹھے اور شہادت کی اُنگلی کے درمیان والی ڈوری کو کھینچیں۔

3۔ دائیں ہاتھ کو اپنی طرف کرکے اُوپر کی طرف گھمائیں۔

4۔ دائیں انگوٹھے سے بائیں ہتھیلی والی ڈور کو اُٹھائیں۔

5۔ چھوٹی اُنگلیوں کو موڑ کر انگوٹھوں سے دُور والی ڈوروں کو اُٹھائیں۔

6۔ انگوٹھوں کو موڑ کر شہادت کی اُنگلیوں کے پاس والی ڈوروں کو اُٹھائیں۔

7۔ تصویر کے مطابق انگوٹھوں کی نچلی ڈوروں کو چھوڑنے کے لیے اُنہیں دانتوں کی مدد سے اُوپر چھلے پر سرکائیں۔

8۔ شہادت کی اُنگلیوں کو نیچے کی طرف جُھکائیں اور اُنہیں چھوٹی تکونوں میں ڈالیں۔

9۔ آخر میں چھوٹی اُنگلیوں اور شہادت کی اُنگلیوں کی باہری ڈوروں کو چھوڑیں۔ انگوٹھوں اور شہادت کی اُنگلیوں کی اندر والی ڈوروں کو پکڑے رکھیں۔

10۔ اب اگر آپ دونوں ہاتھوں کو خود سے دور رکھیں گے تو آپ کو ڈوری میں تین مربع اشکال دِکھائی دیں گی۔

جیکب کی سیڑھی

جیکب کی سیڑھی کو مچھلی کے جال اور چار مربع کے طور بھی جانا جاتا ہے۔ڈوری کا یہ نمونہ دُنیا کے بہت سے حصوں میں بہت مقبول ہے۔

1۔شروعات ۔1سے شروع کریں۔انگوٹھوں کے چھلوں کو گرا دیں۔

2۔دونوں انگوٹھوں سے نیچے کی طرف سے، چھوٹی اُنگلیوں کی دُور والی ڈوری کی اُٹھائیں۔

3۔دونوں انگوٹھوں سے شہادت کی اُنگلیوں کی پاس والی ڈوروں کے اُوپر جا کر، دُور والی ڈوروں کو اُٹھائیں اور واپس آئیں۔

4۔ چھوٹی اُنگلیوں کے چھولوں کو گرائیں۔

5۔شہادت کی اُنگلیوں کی ڈور کے اُوپر جا کر چھوٹی اُنگلیوں سے انگوٹھے کی دُور والی ڈور کو اُٹھائی اور واپس آئیں۔

6۔اب انگوٹھوں کے چھلوں کو گرائیں۔اِس حالت میں نمونہ بلی کی مونچھوں جیسا نظر آئے گا۔

7۔اپنے انگوٹھوں سے چھوٹی اُنگلیوں کے پاس والی ڈوروں کو اُٹھائیں اور واپس آئیں۔

8۔اِس کو پھر دوہرائیں جس سے دائیں ہاتھ کی شہادت کی اُنگلی کا چھلا دائیں انگوٹھے کا حصہ بن سکے۔

9۔اپنے انگوٹھوں کو نیچے کی طرف موڑیں (اِس کے لیے آپ اپنی اُنگلیوں یا دانتوں کا استعمال کر سکتے ہیں) اور پہلے بائیں انگوٹھے کے چھلے کو پھر دائیں انگوٹھے کے چھلے کو 'نواہو' کریں۔

10۔دونوں شہادت کی اُنگلیوں کو انگوٹھوں کے پاس کی تکون میں ڈالیں۔

11۔پھر احتیاط سے چھوٹی اُنگلیوں کو اُن کے چھلوں میں سے نکالیں۔

12۔اپنے ہاتھوں کو گھمائیں جس سے کہ آپ کی ہتھیلیاں اُلٹی سمت میں ہوں۔اس حالت میں شہادت کی اُنگلیوں کے چھلے آسانی سے گر جائیں۔

13۔اب اگر آپ شہادت کی اُنگلیوں کو سیدھا کریں گے تو آپ کو چار مربع شکال یا جیکب کی سیڑھی کا نمونہ نظر آئے گا۔

14۔ پیرس کا مشہور ''آئفل ٹاور'' بنانے کے لیے سب سے اُوپر والی ڈوری کے درمیان میں سے اپنے دانتوں پکڑیں اور کھینچیں۔اِس سے بعد میں آپ چڑیل کی ٹوپی بھی بنا سکتے ہیں۔

15۔چڑیل کی ٹوپی بنانے کے لیے اُوپر والی ڈوری کے درمیانی نقطے کو اپنے دانتوں سے پکڑے رکھیں۔شہادت کی اُنگلی کے چھلوں کو گِرائیں اور اپنی ہتھیلیوں کو انگوٹھے کو ساتھ پھیلائیں۔

زلزلے میں گِرتا گھر

بھارت کے کئی حصوں جیسے شمالی کاشی، لاتُور اور بُھوج میں اکثر زلزلے آتے رہتے ہیں۔اِس کھیل میں زلزلہ آنے سے ڈوری کا ایک مکان گِرتا ہے اور اُس میں سے دو لڑکے نکل کر بھاگتے ہیں۔

1۔دونوں ہاتھوں کی چاروں اُنگلیوں میں ڈوری کو پھنسائیں۔چھوٹی اُنگلیوں سے سب سے پاس والی ڈوری کو اُٹھائیں اور کھینچ کر واپس آئیں۔

2۔اُوپر کے عمل کے بعد ڈوری اِس طرح دِکھائی دے گی۔

3۔دائیں شہادت کی اُنگلی سے بائیں ہتھیلی والی ڈوری کو اُٹھائیں۔اِسی طرح بائیں شہادت کی اُنگلی سے دائیں ہتھیلی والی ڈوری کو اُٹھائیں۔

4۔آخر میں نمونہ ایسا دِکھائی دے گا۔اب اپنے انگوٹھوں کو پاس کی تکونوں میں ڈالیں اور۔۔۔۔۔۔

5۔سب سے نچلی اور چھوٹی والی ڈور کو اُٹھائیں۔

6۔انگوٹھوں کو پیچھے سے اپنی طرف موڑیں۔ تیروں کے ذریعے دِکھائی گئی ڈوروں کو چھوریں۔	
7۔ تیروں کے ذریعے دِکھائی گئی ڈوروں کو گرانے کے لیے دونوں ہاتھوں کے انگوٹوں اور شہادت کی اُنگلیوں کا استعمال کریں۔اُس کے بعد دونوں ہاتھوں کو ایک دوسرے سے دُور لے جائیں۔	
8۔اب جب آپ اپنی ہتھیلیوں کو گھما کر منہ سے دُور لے جائیں گے تو اچانک آپ کو ایک گھر دِکھائی دے گا۔	
9۔اِس کے بعد زلزلہ آئے گا۔ گھر کو زلزلے سے ہلانے کے لیے دونوں اُنگلیوں کی ڈوروں کو گرائیں۔	
10۔اب جیسے ہی آپ دونوں ہاتھوں کو ایک دوسرے سے دُور لے جائیں گے گھر زلزے کی وجہ سے گر جائے گا اور دو لڑکے اپنی جان بچانے کے لیے گھر سے نکل کر مخالف سِمت میں بھاگتے ہیں۔	

تاڑ کا درخت

اِس خوبصورت درخت کو بنانے کے لیے آپ کو دونوں ہاتھوں کے ساتھ ساتھ ایک پیر کا استعمال بھی کرنا ہوگا۔

1۔ تصویر کے مطابق دونوں ہاتھوں کی چھوٹی اُنگلیوں اور انگوٹھوں کے درمیان ڈوری کو پھنسائیں۔

2۔ بائیں ہتھیلی کی ڈوری کو دائیں شہادت کی اُنگلی سے اُٹھائیں اور اپنے ہاتھوں کو ایک دوسرے سے دُور لے جائیں۔

3۔ پھر اِسی طرح دائیں ہتھیلی کی ڈوری کو بائیں شہادت کی اُنگلی سے اُٹھائیں۔

4۔ جب آپ اپنے ہاتھوں کو ایک دوسرے سے دُور لے جائیں گے تو اپنے آپ ہی ' شہادت کی اُنگلیوں کی ترتیب' بن جائے گی۔

5۔ اب اپنی اُنگلیوں کے سِروں کو فرش پر ٹکائیں اور انگوٹھوں کی باہری ڈوری کو کھینچیں۔ تصویر میں اِس ڈوری کو تیر سے ظاہر کیا گیا ہے۔

6۔ ایک پیر کو باقی ڈوریوں کے نیچے لے جائیں اور اُسے اِس ڈوری پر رکھیں۔

7۔ اپنے پیر (اور جس ڈوری پر آپ کا پیر ٹِکا ہے) فرش پر ٹِکائیں اور ہاتھوں کو تھوڑا اُوپر اُٹھائیں۔ ہاتھوں کو تھوڑا سا گھمائیں جس سے اُنگلیوں کے سِروں کی آپ سے دُور ہو ۔ سامنے سے دیکھنے پر نمونہ اِس طرح دِکھائی دے گا۔

8۔اب دائیں ہاتھ کے سبھی چھلوں کو بائیں ہاتھ پر لے جائیں۔ایک چھلا پہلے سے ہی بائیں ہاتھ پر ہو گا۔دائیں ہاتھ والے چھلے کو بائیں ہاتھ کی اُنگلیوں کے سِروں کے پاس رکھیں۔ پہلے دائیں انگوٹھے کے چھلے کو بائیں انگوٹھے میں ڈالیں۔دائیں ہاتھ کے پہلے چھلے کو بائیں شہادت کی اُنگلی میں ڈالیں۔دائیں ہاتھ کی چھوٹی اُنگلی کا چھلا بائیں ہاتھ کی چھوٹی اُنگلی میں ڈالیں۔

9۔اب بائیں ہاتھ کے نچلے چھلے (تیر سے ظاہر کیے گئے) کو اُوپر اُٹھائیں اور اُسے دائیں ہاتھ میں لے جائیں۔
اِس کے لیے نیچے کے سارے چھلوں کو اُوپر لائیں اور دائیں ہاتھ میں لے آئیں۔
اِس کے لیے بائیں چھوٹی اُنگلی کے چھلے کو دائیں چھوٹی اُنگلی میں ڈالیں۔

10۔اِس کے بعد بائیں شہادت کی اُنگلی اور بائیں انگوٹھے کے چھلے کو دائیں ہاتھ میں لے آئیں۔

11۔اپنے ہاتھوں کو تھوڑا اور اُوپر اُٹھائیں۔اب آپ کو ڈوری میں ایک خوبصورت تاڑ کا درخت نظر آئے گا۔اگر آپ اپنی ہتھیلیوں کو ہلائیں گے تو آپ کو تاڑ کے پتے ہوا میں ہِلتے نظر آئیں گے۔

تِتلی

ڈور کی بنی یہ خوبصورت تتلی جاپان میں کافی مقبول ہے۔اِس کے لیے آپ کو اپنے ہاتھوں کو عجیب و غریب ڈھنگ سے گھمانا ہوگا۔اس بات کو سمجھنے کے لیے آپ درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیں۔

1۔ تصویر کے مطابق ڈوری کو اپنے دونوں انگوٹھوں میں دالیں۔

2۔اب ڈُور والی ڈوری کو بائیں چھوٹی اُنگلی سے اُٹھائیں۔

3۔ چھوٹی اُنگلی کو چھوڑ کر دائیں ہاتھ کی باقی سبھی اُنگلیوں کو نیچے موڑیں۔دائیں چھوٹی اُنگلی کو بائیں ہتھیلی کی ڈور کے پیچھے ڈالیں۔آپ کا نمونہ ٹھیک بنا ہے یا نہیں اِس کی تصدیق اِس خاکے کو دیکھ کر کریں۔

4۔ دونوں شہادت کی اُنگلیوں سے چھوٹی اُنگلیوں کی نزدیک والی ڈوری کو اُٹھائیں۔

5۔اب درمیانی اُنگلیوں سے ہتھیلیوں پر کالے رنگ سے دکھائی گئی ڈوری اُٹھائیں۔

6۔ چھوٹی اُنگلیوں سے انگوٹھے سے دُور والی ڈوری کو اُٹھائیں اور پھر پہلی حالت میں واپس آ جائیں۔

7۔ شہادت کی اُنگلیوں کو ہتھیلی کی ڈوروں کے اُوپر سے ہو کر خود کے ہی چھلے میں ڈالیں۔

8۔ ہتھیلی کی اِن ڈوروں کو شہادت کی اُنگلیوں سے کس کر پکڑنے کے بعد انگوٹھوں کے چھلوں کو گرادیں۔

9۔اب ہتھیلیوں کو منہ کی طرف کریں اور پھر شہادت کو اُنگلیوں کے پُرانے چھلے کو گرادیں۔

10۔ جیسے ہی آپ اپنی شہادت کی اُنگلیوں کو سیدھا کریں گے، اُن کے نیچے کی ڈوروں سے شہادت کی اُنگلیوں کے نئے چھلے بن جائیں گے۔

11۔ ہتھیلیوں کو اب ایک دوسرے کے آمنے سامنے لائیں، جس سے کہ انگوٹھے اُوپر ہوں اور کی سمت آپ سے دُور ہو ۔اِس حالت میں آپ کو نمونے میں ایک خوبصورت تتلی دِکھائی دے گی۔

چار پائی

ڈوری کلا یہ خوبصورت نمونہ آپشے (امریکی نسل) گیٹ کے نام سے بھی مشہور ہے، پر اپنے ہاں بھارت میں یہ بلکل روائتی چار پائی یا کھاٹ کی طرح نظر آتا ہے۔

1۔ڈوری کو شروعات کی حالت میں رکھیں۔

2۔پورے دائیں ہاتھ کو بائیں ہتھیلی کی ڈور کے نیچے سے ڈالیں اور ڈوری کے چھلے کو دائیں کلائی پر پھسل کر آنے دیں۔

3۔اِس عمل کو دوسرے ہاتھ کے ساتھ بھی دوہرائیں۔ بائیں ہاتھ کو دائیں ہتھیلی کی ڈور کے نیچے سے ڈالیں اور ڈوری کے چھلے کو بائیں کلائی پر پھسل کر آنے دیں۔

4۔دونوں انگوٹھوں سے چھوٹی اُنگلیوں کی نزدیک والی ڈوری کو اُٹھائیں۔

5۔پھر دونوں چھوٹی اُنگلیوں سے انگوٹھوں کی دُور والی ڈوروں کو اُٹھائیں۔

6۔پھر اپنے پورے دائیں ہاتھ سے نمونے کے درمیان کی سبھی ڈوروں کو پکڑیں۔

7۔اِن سبھی ڈوروں کو دائیں انگوٹھے اور شہادت کی اُنگلی کے درمیان میں ڈالیں۔انگوٹھے کے چھلے کو ڈھکیں نہیں۔پھر آپ دائیں ہاتھ سے پکڑی سبھی ڈوروں کو چھوڑ دیں۔

8۔اب دائیں انگوٹھے اور شہادت کی اُنگلی سے بائیں انگوٹھے کے دونوں چھلوں کو پکڑیں۔دائیں ہاتھ کو بلکل ساکن رکھیں۔

9۔اپنے بائیں انگوٹھے کو اِن دونوں چھلوں سے باہر نکالیں اور اُن ڈوروں سے بھی باہر نکالیں جنہیں آپ نے ابھی ابھی لپیٹا تھا۔

10۔اب بائیں انگوٹھے کو نیچے سے اُن دونوں چھلوں میں سے بھی نکالیں جنہیں آپ نے اپنے دائیں انگوٹھے اور شہادت کی اُنگلی سے پکڑ رکھا ہے۔

11۔اِس عمل کو دائیں ہاتھ کے ساتھ بھی دوہرائیں۔اِس کے لیے بائیں ہاتھ نمونے کے درمیان کی سبھی ڈوروں کو چھوڑیں۔

12۔اِن سبھی ڈوروں کو اپنے دائیں انگوٹھے اور شہادت کی اُنگلی کے درمیان میں ڈالیں۔

13۔پھر اپنے بائیں انگوٹھے اور شہادت کی اُنگلی سے دائیں انگوٹھے کے دونوں چھلوں کو پکڑیں۔اپنے بائیں ہاتھ کو بلکل نہ ہلائیں۔

14۔اپنے دائیں انگوٹھے کو اُس کے اُوپر کے دو چھلوں میں سے باہر نکالیں۔پھر نیچے سے دائیں انگوٹھے کو اُن چھلوں میں ڈالیں جنہیں آپ نے اپنے دائیں انگوٹھے اور شہادت کی اُنگلی سے پکڑا ہے۔

15۔اپنے دائیں انگوٹھے اور شہادت کی اُنگلی سے بائیں کلائی کے اُوپر کے چھلے کو بائیں ہاتھ پر سے اُتاریں اور اُسے نمونے کے درمیان میں ڈالیں۔

16۔اپنے بائیں انگوٹھے اور شہادت کی اُنگلی سے دائیں کلائی کے اُوپر کے چھلے کو دائیں ہاتھ پر سے اُتاریں اور اُسے نمونے کے درمیان میں ڈالیں۔

17۔اب مزے کی بات ہو گی۔اپنی دونوں ہتھیلیوں کو ایک دوسرے کے پاس لائیں۔

18۔پھر دونوں ہتھیلیوں کو ایک دوسرے سے دُور لے جائیں۔آپ کو درمیان میں ڈوری سے بُنی ایک شاندار چارپائی (کھاٹ) نظر آئے گی۔

پیراشُوٹ یا چابیوں کا گُچھا

اس نمونے کو بنانے میں کُچھ زیادہ وقت لگے گا، لیکن آپ پریشان بالکل نہ ہوں۔ یہ نمونہ دیکھنے میں مشکل لگتا ہے پر حقیقت میں کافی آسان ہے۔

1۔ تصویر کے مطابق ڈوری کو دائیں ہاتھ کے انگوٹھے اور چھوٹی اُنگلی میں ڈالیں۔ اُس کے بعد ڈوری کو اپنی درمیانی اُنگلی کے پیچھے سے ڈالیں۔

2۔ اب ڈوری کو بڑے لٹکتے چھلے میں بائیں ہاتھ کو ڈالیں اور دائیں شہادت کی اُنگلی کو ہُک کی طرح استعمال کرتے ہوئے بائیں شہادت کی اُنگلی کے چھلے کو پکڑیں۔ ساتھ ہی دائیں درمیانی اُنگلی کے 'ہُک' سے بائیں انگوٹھی والی اُنگلی کے چھلے کو پکڑیں۔ اِن چھلوں کو کھینچ کر جِتنا ممکن ہو پیچھے لے جائیں۔ دائیں ہاتھ کے چھلوں کے درمیان میں جگہ ہوگی۔

3۔ اب بائیں شہادت والی اُنگلی کو دائیں شہادت والی اُنگلی کے ذریعے پکڑے ہوئے چھلے میں ڈالیں۔ اُس کے بعد دائیں درمیانی اُنگلی کو موڑ کر چھلوں کے درمیان کی جگہ میں ڈالیں۔ آخر میں بائیں انگوٹھی والی اُنگلی کو دائیں درمیانی اُنگلی میں ڈالیں۔

4۔ اِن چھلوں کو بائیں ہتھیلی کے پیچھے لٹکائیں اور ڈوری کو چھوڑ دیں۔

5۔ دائیں شہادت کی اُنگلی کے ہُک سے بائیں انگوٹھے کے سامنے والے چھلے کو اُٹھائیں۔ دائیں درمیانی اُنگلی کے ہُک سے بائیں چھوٹی اُنگلی کے چھلے کو اُٹھائیں۔

6۔ اِن چھلوں کو احتیاط سے کھینچ کر ایک پیراشُوٹ بنائیں۔

7۔ اگر پیراشُوٹ کو اُلٹا لٹکا کر آپ اپنے بائیں ہاتھ کی سبھی اُنگلیوں کو باہر نکالیں گے تو ڈوری کا نمونہ دیکھنے میں چابیوں کے گُچھے جیسا دِکھائی دے گا۔

کیلے کا گُچھا

آپ اگر چاہئیں تو ڈوری کے چھلے سے کیلے کا ایک گُچھا بنا سکتے ہیں، لیکن آپ اِنہیں کھا نہیں سکتے۔

1۔ڈوری چھلے کو بائیں ہاتھ کی شہادت اور درمیانی اُنگلیوں کے پیچھے سے لٹکائیں۔ لمبا چھلا ہتھیلی سے لٹکا رہے گا۔ پھر دائیں ہاتھ کو لٹکتے چھلے کے نیچے سے لے جا کر دائیں شہادت کی اُنگلی کے 'ہُک' سے بائیں شہادت اور درمیانی اُنگلی کے درمیان کی ڈور کو پکڑیں۔ ڈور کو جِتنا ممکن ہو اُتنا پیچھے کی طرف کھینچیں۔

2۔دائیں ہاتھ کو لٹکتے چھلے میں نیچے سے ڈالیں۔ دائیں انگوٹھے اور شہادت کی اُنگلی سے بائیں شہادت اور درمیانی اُنگلی کے درمیان کی ڈوروں کو پکڑیں۔ اُنہیں لُوپ کی اُوپری (تصویر کے مطابق) جگہ سے پکڑیں

3۔اب اِن ڈوروں کو جِتنا ممکن ہو اُتنا پیچھے کی طرف کھینچیں۔ چھلے کے سِرے کو دائیں انگوٹھے اور شہادت کی اُنگلی سے پکڑیں۔ چھلے میں کوئی موڑ نہ پڑنے دیں۔ اب چھلے میں دائیں ہاتھ کی سبھی اُنگلیاں ڈالیں۔

4۔بائیں انگوٹھے اور چھوٹی اُنگلی سے نیچے کی طرف ایک ڈور پکڑیں۔ اُس کے بعد دائیں ہاتھ کی ڈوروں کو گِرا دیں۔

5۔آپ کو بائیں شہادت کی اُنگلی اور درمیانی اُنگلیوں کے درمیان ایک لُوپ دِکھائی دے گا۔ اپنے دائیں انگوٹھے اور شہادت کی اُنگلی سے اِس چھوٹے لُوپ کو پکڑ کر کھینچیں۔ اِس کو بہت دُور تک نہ کھینچیں، نہیں تو پورے نمونے کے ٹوٹنے کا اندیشہ ہے۔

6۔اِس سے امریکی قبیلوں کا تنبو (ٹینٹ) بن جائے گا۔

7۔اب اگر آپ اپنے بائیں ہاتھ سے ڈور کے سبھی چھلوں کو ہٹائیں گے تو آپ کو کیلوں کا لٹکتا گُچھا دِکھائی دے گا۔

اُڑتی چڑیا

یہ ڈوری کا ایک تیز رفتار کھیل ہے۔ اگر آپ اپنے ہاتھوں کو کھینچیں گے تو چڑیا کے پر پھڑ پھڑائیں گے اور وہ اُڑتی ہوئی دِکھائی دے گی۔

1۔ تصویر کے مطابق ڈور کے چھلے کو دائیں انگوٹھے اور چھوٹی اُنگلی میں ڈالیں۔ دائیں ہاتھ کو خالی رکھیں۔

2۔ بائیں ہتھیلی کی ڈوری کو دائیں انگوٹھے اور شہادت کی اُنگلی سے پکڑیں اور اُسے جتنا ممکن ہو اُتنا نیچے تک کھینچیں۔

نتیجہ اِس طرح ہوگا۔

3۔ ایک بار پھر بائیں ہتھیلی کی نئی ڈور کو پکڑیں اور اُسے نیچے تک کھینچیں۔

4۔ دائیں ہاتھ کی اُنگلیوں کو بائیں ہتھیلی پر رکھیں۔ دائیں انگوٹھے اور چھوٹی اُنگلی کو لٹکتے ہوئے چھلے میں تصویر کے مطابق ڈالیں۔

5۔ پھر بائیں انگوٹھے اور چھوٹی اُنگلی کے چھلے کو کھوجیں (اِنہیں تیروں سے دِکھایا گیا ہے۔)

6۔دائیں انگوٹھے اور دائیں چھوٹی اُنگلی اِن چھلوں میں ڈالیں اور۔۔۔۔۔۔
7۔اِن چھلوں کو لٹکتے ہوئے بڑے چھلے میں سے کھینچیں۔۔۔۔۔
8۔اور اُنہیں کھینچ کر نیچے تک لائیں۔
9۔چھلوں کو نیچے تک کھینچنے کے بعد دائیں ہاتھ کی ڈوروں کو گرادیں۔اب آپ کو بائیں ہتھیلی کے نیچے دو چھوٹی تکون لٹکتی نظر آئیں گی۔
10۔اب دائیں انگوٹھے اور چھوٹی اُنگلی کو دونوں تکونوں کی ڈور کے نیچے سے جا کر 'ہُک' کریں (اِنہیں تیروں سے دِکھایا گیاہے۔)
11۔اِن ڈوروں کو اپنے بائیں ہاتھ سے دُور رکھیں۔ڈوروں کو سنبھال کر پکڑے رکھیں۔آپ کو اپنے ہاتھوں کے درمیان دو مربع اشکال دِکھائی دیں گی۔

	12۔دائیں شہادت کی اُنگلی سے اُس چھلے کو اُٹھائیں جس سے بائیاں مربع جُڑا ہے(اِس جگہ کو تیر سے دِکھایا گیا ہے۔)
	13۔اِس حالت میں ڈوری کا نمونہ اِس طرح نظر آئے گا۔
	14۔ جیسے جیسے آپ اپنے ہاتھوں کو دُور کرتے جائیں گے ویسے ویسے دونوں چھلے کسیں گے اور اُن میں گانٹھ پڑے گی۔
	15۔احتیاط سے دائیں انگوٹھے اور چھوٹی اُنگلی کو گرائیں۔اِس سے چڑیا کے پر بنیں گے۔
	16۔ جیسے ہی آپ اپنے ہاتھوں کو ایک دوسرے سے دُور لے جائیں گے،ویسے ہی چڑیا بائیں طرف اُڑتی نظر آئے گی۔

موم بتیاں

اِس کھیل میں موم بتی بنانے کا طریقہ سمجھایا گیا ہے۔اِس میں موم بتی کو موٹا کرنے اُس کے دھاگے کو کئی بار پگھلے موم میں بھگویا جاتا ہے۔ڈوری کے اِس کھیل میں ایک مزیدار کہانی بھی چُھپی ہے۔

1۔ڈوری کو بائیں ہاتھ کی چاروں اُنگلیوں میں ڈالیں۔انگوٹھے کو چھوڑ دیں۔دائیں انگوٹھے اور شہادت کی اُنگلی سے بائیں ہاتھ سے لٹکتی دونوں ڈوروں کو پیچھے کی طرف سے پکڑیں۔

2۔تصویر کے مطابق اِن ڈوروں کو بائیں ہاتھ کی اُنگلیوں میں ڈالیں۔ڈور کا چھلا بائیں ہتھیلی پر ایک دم سپاٹ ہو کر لٹکے۔

3۔دائیں انگوٹھے اور شہادت کی اُنگلی سے بائیں ہتھیلی سے لٹکتے چھلے کے نیچے والی ڈور کو اُٹھائیں۔ڈوری کو اِتنا کھینچیں جس سے کہ وہ بائیں درمیان اور انگوٹھی والی اُنگلی میں پوری طرح فِٹ ہو جائے۔ابھی بھی بائیں ہتھیلی پر ڈوری کا ایک چھلا لٹکا ہو گا۔اِس چھلے کو کھینچ کر کسیں۔

4۔اب دائیں درمیانی اُنگلی کو بائیں چھوٹی اُنگلی کے چھلے میں ڈالیں اور دائیں شہادت کی اُنگلی کو بائیں شہادت کی اُنگلی کے چھلے میں ڈالیں۔جِتنا ہو سکے اِنہیں اُتنا باہر کی طرف کھینچیں۔

5۔اب بائیں ہاتھ کی اُنگلیوں کو ہتھیلی پر بند کریں۔اِس کے لیے شہادت کی اُنگلی کو لٹکتی ڈور کے بائیں طرف،درمیانی اُنگلی کو بائیں شہادت کی اُنگلی کے چھلے میں اور انگوٹھی والی اُنگلی کو دائیں چھوٹی اُنگلی کے چھلے میں ڈالیں۔ چھوٹی اُنگلی لٹکتے چھلے کے دائیں طرف ہو گی۔

6۔دائیں انگوٹھے اور شہادت کی اُنگلی سے لٹکتے ہوئے دونوں چھلوں کو بائیں ہاتھ کے پیچھے درمیانی اور انگوٹھی والی اُنگلی کے درمیان میں ڈالیں۔اِس چھلے کو کھینچیں جس سے وہ بائیں ہاتھ کے پیچھے کی طرف لٹکے۔

7۔دائیں انگوٹھے اور شہادت کی اُنگلی سے بائیں ہاتھ کی درمیانی اور انگوٹھی والی اُنگلیوں کے پیچھے والے لُوپ کو کھینچ کر ہتھیلی کے پاس لائیں۔

8۔آہستہ سے اور احتیاط کے ساتھ اِس لُوپ کو بائیں ہاتھ سے دُور لے جائیں اور ساتھ ہی بائیں ہاتھ کی اُنگلیوں کو بھی کھولیں۔اِس طرح بائیں ہتھیلی کو کھلنے اور دائیں ہاتھ سے ڈوری لے لُوپ کو کھینچنے سے آپ کو چار موم بتیاں دِکھائی دیں گی۔

کہانی :ایک آدمی نے ایک بار کئ موم بتیاں چُرائیں۔وہ اُنہیں گھر لے گیا اور کیل سے لٹکا دِیا۔

9۔جِس لُوپ کو آپ نے پکڑا تھا اُسے دائیں شہادت کی اُنگلی اور انگوٹھے سے بغیر موڑے بائیں انگوٹھے میں ڈالیں۔

10۔اب بائیں ہتھیلی کو نیچے اور اُس کی اُنگلیوں کو داہیں طرف سیدھا کریں۔دائیں درمیانی اور شہادت کی اُنگلیوں سے بائیں درمیانی اور انگوٹھی والی اُنگلیوں کے چھلوں کو پیچھے سے 'ہُک' کریں۔اِس حالت میں دونوں ہاتھوں کے پچھلے حصے ایک دوسرے کے آمنے سامنے ہوں گے۔

11۔دائیں ہاتھ سے اِن دونوں چھلوں کو جِتنا ممکن ہو اُتنا اُوپر کھینچیں۔ساتھ ساتھ بائیں ہتھیلی کو اندر کی طرف بند کریں۔اِس سے وہ کرسی بنے گی جس پر آدمی آرام کرنے بیٹھا تھا۔

آدمی بہت تھک گیا تھا۔اِس لیے وہ کرسی پر بیٹھ کر آرام کرنے لگا اور کچھ ہی دیر میں وہ سو گیا۔

12۔بائیں انگوٹھے کے چھلے کو گرائیں۔اِس سے قینچی بن جائے گی۔دائیں شہادت اور درمیانی اُنگلیوں کو اُوپر نیچے کریں۔اِس سے قینچی اُنگلیوں کو کاٹتی نظر آئے گی۔

جب آدمی اُٹھا تب اندھیرا ہو چُکا تھا۔اُس نے موم بتیوں کو کاٹنے کے لیے قینچی اُٹھائی تاکہ وہ اُن میں سے کسی موم بتی کو جلا سکے۔

13۔ بائیں ہاتھ کی شہادت کی اُنگلی کے چھلے کو گِرائیں اور دونوں ہاتھوں کو جِتنا ممکن ہو دُور لے جائیں۔اِس طرح آپ پولیس والے کے لمبے ڈنڈے کو دیکھ سکیں گے۔

اب آدمی موم بتیوں کو کاٹ رہاتھا تبھی وہاں ڈنڈا لے کر ایک پولیس والاآ دھمکا۔اُس نے موم بتیاں چوری کرنے کے جُرم میں اُسے گرفتار کر لیا۔

14۔دائیں شہادت کی اُنگلی کے چھلے کو گِرائیں۔

پولیس والے نے ایک آدمی کے ہاتھوں میں ہتھکڑیاں ڈالیں اور پھر اُسے جیل کی ہوا کھلانے کے لیے گیا۔

15۔اب بائیں ہاتھ کو دائیں چھوٹی اُنگلی کے چھلے میں ڈالیں اور دائیں ہاتھ کو دائیں درمیانی اُنگلی کے چھلے میں ڈالیں۔

16۔اب اپنے ہاتھوں کو ایک دوسرے سے دُور لے جائیں۔

17۔اب موم بتیوں کے چور کی طرح آپ کے دونوں ہاتھوں میں ہتھکڑی پڑی ہو گی۔

بلی کا پالنا

یہ ڈوری کا سب سے مشہور کھیل ہے۔اِسے دو لوگ آپس میں کھیلتے ہیں۔بلی کے پالنے والا یہ کھیل شاید چائے کے تاجروں کے ساتھ ایشیا سے یورپ تک پہنچا ہوگا۔انگلینڈ میں بچے بلی کے پالنے کے کھیل کو 1782 سے کھیل رہے ہیں۔ ہمیں اِس بارے میں اِس لیے پتا ہے کیونکہ مشہور مصنف چارلس لیمب نے ایک کتاب میں اپنے دوست کے ساتھ بلی کا پالنا بنانے کا ذکر کیا ہے۔

اِس کھیل کو کھیلنے کے لیے دو لوگوں کی ضرورت ہوتی ہے۔بلی کے پالنے کے کھیل میں اکثر آپ کو x (یعنی کراس) کے نمونے اور سبھی لکیریں دِکھائی دیں گی۔کھیل میں ایک کھلاڑی ڈوری کے نمونے کو پکڑتا ہے جبکہ دوسرا ساتھی سیدھی ڈوروں کے درمیان سے یا اُن کے نیچے سے x کو اُٹھاتا ہے۔باری باری سے ایک ساتھی ڈوری کے نمونے کو پکڑتا ہے اور اگلے مرحلے میں جانے کے لیے دوسرا ساتھی x کو اُٹھاتا ہے۔

اِس کھیل کا کوئی اختتام نہیں ہے۔اِسے لگاتار کھیلا جا سکتا ہے۔لیکن اگر آپ اِسے بند کرنا چاہتے ہیں تو اِس کے کسی اختتام میں سے کسی ایک کو چُن سکتے ہیں۔ڈوری کو اُٹھانے کے لیے کئی طریقے ہو سکتے ہیں۔اِس کے لیے آپ لگاتار تجربے اور مشق کرتے رہیں اور ساتھ ہی کھیل کا مزہ بھی لیں۔

کھیل میں نمونے کی ترتیب اِس طرح ہوگی:

1۔بلی کا پالنا کھیلنے کے لیے آپ کو ایک ساتھی کی ضرورت ہو گی۔ جو چال چلے گا یعنی کھیل کو آگے بڑھائے گا وہ Aاور اُس کا ساتھی Bہو گا۔ پہلے Aڈوری کو اپنے بائیں ہاتھ کی چاروں اُنگلیوں میں ڈالے گا۔

2۔پھر تصویر کے مطابق Aڈور کو پکڑتے ہوئے اپنے بائیں ہاتھ میں ایک لُوپ بناتا ہے۔پھر Aاپنے ہاتھوں کو دُور لے جا کر درمیانی اُنگلی کی ترتیب بناتا ہے۔۔۔۔۔

3۔پالنا بنانے کے لیے Aاپنے دونوں ہاتھوں میں پالنے کو پکڑے رہتا ہے۔پھر Bاپنے دونوں ہاتھوں کے انگوٹھوں شہادت کی اُنگلیوں سے کراس(X)ڈوروں کو پکڑتا ہے ۔وہ اپنے ہاتھوں کو پالنے کے دونوں طرف سے لاتا ہے۔

4۔Bڈور کے کراس(X) نقطوں کو پکڑ کر اُنہیں دونوں سیدھی ڈوروں کے نیچے سے جا کر اُوپر اُٹھاتا ہے۔

5۔ایک بار جب Bسیدھی ڈور کو پکڑتا ہے تب Aساری ڈوروں کو چھوڑ دیتا ہے۔

6۔تب Bاپنی اُنگلیوں کو پھیلا کر بلی کے پالنے کا دوسرا نمونہ بناتا ہے جسے فوجی کی چارپائی (کھاٹ) کے نام سے جانا جاتا ہے۔اپنی انگوٹھوں اور شہادت کی اُنگلیوں سے Aکالے کراس(X)نشانوں والی ڈوروں کو فوجی کی چارپائی کے اُوپر سے پکڑتا ہے۔

7۔اُس کے بعد A کراس ڈوروں کو کھینچ کر اُنہیں سیدھی ڈوروں کے نیچے سے اُوپر کو اُٹھاتا ہے۔

8۔اب B سبھی ڈوروں کو چھوڑ دیتا ہے۔

9۔Aاپنے ہاتھوں کو کھینچتا ہے اور بلی کے پلنے کے تیسرے نمونے یعنی موم بتیاں بناتا ہے۔اب Bبائیں ہاتھ والی اکیلی ڈور کو اُوپر سے اپنی دائیں چھوٹی اُنگلی سے موم بتیوں کو ہُک کرتا ہے اور اُسے دائیں طرف کھینچتا ہے۔

10۔ پھر Bدائیں طرف والی اکیلی ڈور کو اُوپر سے آ کر اپنی دائیں چھوٹی اُنگلی سے ہُک کرتا ہے اور اُسے بائیں طرف کھینچتا ہے۔

11۔Bاپنی چھوٹی اُنگلیوں کی ڈوروں کو پکڑے رہتا ہے اور سیدھی اور دوہری ڈوری کو اپنے انگوٹھوں اور شہادت کی اُنگلیوں سے اُٹھاتا ہے۔

12۔اب Aساری ڈوروں کو چھوڑ دیتا ہے۔Bاپنی چھوٹی اُنگلیوں کی ڈوروں کو پکڑنے کے ساتھ ساتھ باقی اُنگلیوں کو پھیلاتا ہے------

13۔اِس سے بلی کے پالنے کا چوتھا نمونہ یعنی کشتی بنتی ہے۔اب A کراس ڈوریوں کو پکڑتا ہے۔وہ اِس کے لیے کشتی کے دونوں طرف سے انگوٹھوں اور شہادت کی اُنگلیوں کا استعمال کرتا ہے۔

14۔A کراس ڈوریوں کو دونوں سیدھی ڈوروں کے اُوپر سے ہو کر کھینچتا ہے۔

15۔وہاں A اپنے ہاتھوں کو ایک دوسرے سے دُور لے جاتا ہے۔B سبھی ڈوروں کو چھوڑ دیتا ہے۔اِس سے A پھر سے فوجی کی چارپائی پر واپس آجاتا ہے۔

16۔اب B اپنے انگوٹھوں اور شہادت کی اُنگلیوں سے کراس ڈوروں کو فوجی کی چارپائی کے اُوپر سے پکڑتا ہے۔

17۔B کراس ڈوروں کو باہر کی طرف کھینچتا ہے اور پھر اُنہیں دونوں سیدھی ڈوروں میں سے نیچے سے اُوپر کی طرف اُٹھاتا ہے۔

18۔اب A سبھی ڈوروں کو چھوڑ دیتا ہے۔B اپنی اُنگلیوں کو باہر کی طرف کھینچتا ہے۔اِس سے بلی کے پالنے کا پانچواں نمونہ یعنی بلی کی آنکھیں بنتی ہیں۔

19۔A بلی کی آنکھوں کے اُوپر سے اپنے انگوٹھوں اور شہادت کی اُنگلیوں کو تکون میں ڈالتا ہے اور اُنہیں اُوپر کی طرف گھماتا ہے۔

20۔ یہاں پر اُوپر کی طرف گھمانے کے عمل کو تفصیل سے دِکھایا گیا ہے۔

21۔B اپنے ہاتھوں سے سبھی ڈوروں کو چھوڑ دیتا ہے۔A اپنی اُنگلیوں کو پھیلاتا ہے جس سے کہ بلی کے پالنے کا چھٹا نمونہ کٹوری میں مچھلی بن جاتی ہے۔

22۔B انگوٹھوں اور شہادت کی اُنگلیوں سے کراس ڈوری کو کٹوری میں مچھلی کے اُوپر سے پکڑتا ہے۔اُس کے بعد وہ اپنے انگوٹھوں اور شہادت کی اُنگلیوں کے سِروں کو ڈوری کے نمونے کے درمیان گھما کر اُوپر لے جاتا ہے۔

23۔A سبھی ڈوروں کو چھوڑ دیتا ہے۔B اپنی اُنگلیوں کو کھولتا ہے۔۔۔۔

24۔۔۔۔۔اور ایک بار پھر سے بلی کی آنکھوں والے نمونے کی طرف واپس آ جاتا ہے۔

A-25 اپنی دونوں چھوٹی اُنگلیوں سے B کے پیچھے آکر دونوں سیدھی ڈوروں کو ہُک کرکے پکڑتا ہے۔

A-26 چھوٹی اُنگلیوں کی ڈوروں کو بلی کی آنکھوں کے اُوپر سے پکڑے رہتا ہے۔ پھر وہ کراس ڈوروں کو دونوں ہاتھوں کے انگوٹھوں اور شہادت کی اُنگلیوں سے کس کر دباتا ہے۔

B-27 اپنی ساری ڈوروں کو چھوڑ دیتا ہے۔ A چھوٹی اُنگلیوں کی ڈوروں کو پکڑنے کے ساتھ ساتھ باقی اُنگلیوں کو بھی پھیلاتا ہے۔

28۔ اِس سے بلی کے پالنے کا ساتواں نمونہ ہاتھ کا ڈمرُو بنتا ہے۔ B کراس ڈوروں کو ڈمرُو کے دونوں طرف سے اپنے انگوٹھوں اور شہادت کی اُنگلی سے پکڑتا ہے۔

29۔ پھر B اپنے انگوٹھوں اور شہادت کی اُنگلیوں کو ڈوری کے نمونے کے درمیان سے گھما کر اُوپر سے جاتا ہے۔

A-30 سبھی ڈوروں کو چھوڑ دیتا ہے۔ B اپنی اُنگلیوں کو پھیلاتا ہے اور ۔۔۔۔۔۔۔۔

31۔۔۔۔۔ موم بتیوں والے نمونے پر واپس آتا ہے۔ اِس طرح A اور B دونوں مِل کر کھیل کو جاری رکھ سکتے ہیں اور بلی کے پالنے کے ساتھ الگ الگ تجربے کر سکتے ہیں۔ اگر وہ ایسا کریں گے تو جلد ہی کچھ ایسے نمونے ملیں گے جو یہاں درج نہیں کیے گئے۔